**[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015.*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.-** This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of Section 6, Act X of 2015.-** In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (Act X of 2015), hereinafter referred to as the said Act, in section 6, for sub-Section (1), the following shall be substituted, namely:-

" (1) There shall be one hundred and twenty –five Union Councils within the Islamabad Capital Territory under this Act. The Federal Government on the recommendations of Ministry of Interior by notification in the official Gazette my increase or decrease the number of union council from time to time."

**3. Amendment of Section 12, Act X of 2015.-** In the said Act, in section 12, for sub-section (3), the following shall be substituted, namely:

"(3) The Mayor and the Deputy Mayor shall be directly elected as joint candidates by the voters. The election of the Mayor and the Deputy Mayor shall be held on the day of election of members of Union Council under section 11.

(4) If the office of the mayor of the local government falls vacant during the term of the council for any reason, the Election Commission shall hold a fresh election to the office of the head of the local government."

**4. Amendment of section 29, Act X of 2015.-** In the said Act, in section 29, sub-section (4) shall be omitted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Subject: **THE ISLAMABAD CAPITAL TERRITORY LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 2022**

Islamabad Capital Territory (ICT) Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected Local Government System to devolve political, administrative and financial authority in order to promote good governance and effective service delivery through institutionalized participation and involvement of people in day to day governance. Metropolitan Corporation Islamabad (MCI) is a Municipal body established under the ICT Local Government (Amendment) Act, 2022.

2. Administrator, MCI has proposed amendments in sections 6,12 and 29 of the Act ibid to increase the number of Union Councils to cater for existing population of Islamabad and to improve procedure of election of Mayor Deputy Mayor. Ministry of Law and Justice has vetted the draft Bill "Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2022" from legal point of view.

3. There shall be one hundred and twenty five Union Councils within the Islamabad Capital Territory under this Act. The Federal Government on the recommendations of Ministry of Interior by notification in the official Gazette may increase or decrease the number of Union Council from time to time.

4. The Mayor and the Deputy Mayor shall be directly elected as joint candidates by the voters. The election of the Mayor and the Deputy Mayor shall be held on the day of election of members of Union Council under section 11. The Cabinet vide decision in case No. 659/Rule-19/2022 dated 19.12.2022 has approved submission of this Bill in the National Assembly.

**Minister-in-Charge**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے]

# دارالحکومت اسلام آباد کے مقامی حکومت کے ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور طریقہ کار میں، دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** یہ ایکٹ دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔** دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے ایکٹ، ۲۰۱۵ء (ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۶ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) اس ایکٹ کے تحت دارالحکومت اسلام آباد کے اندر ایک سو پچیس یونین کونسلز ہوں گی۔ وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے وزارت داخلہ کو سفارشات پر وقتاً فوقتاً یونین کونسل کی تعداد میں اضافہ یا کمی کر سکے گی۔"

۳۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ کی، ذیلی دفعہ (۳) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳) میئر اور ڈپٹی میئر رائے دہندگان کی جانب سے مشترکہ امیدواران کے طور پر براہ راست منتخب کیے جائیں گے۔ میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب دفعہ ۱۱ کے تحت یونین کونسل کے اراکین کے انتخاب کے دن پر منعقد کیا جائے گا۔

(۴) اگر مقامی حکومت کے میئر کا عہدہ کسی بھی وجہ سے کونسل کی میعاد کے دوران خالی ہو جاتا ہے تو، الیکشن کمیشن مقامی حکومت کے سربراہ کے عہدے پر نیا انتخاب کروائے گا۔"

۴۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ کی، ذیلی دفعہ (۴) کو حذف کر دیا جائے گا۔

# بیان اغراض و وجوہ

مضمون: **دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۲ء**

دارالحکومت اسلام آباد (آئی سی ٹی) مقامی حکومت ایکٹ ایک منتخب مقامی حکومت کا نظام قائم کرنے، سیاسی، انتظامی اور مالیاتی اختیارات کو فروغ دینے کے لیے ۲۰۱۵ء میں مشتہر کیا گیا تا کہ ادارہ جاتی شرکت اور روزمرہ کی حکمرانی میں لوگوں کی شمولیت کے ذریعے اچھی حکمرانی اور مؤثر خدمت کی فراہمی کو فروغ دیا جا سکے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) ایک میونسپل ہیئت ہے جسے آئی سی ٹی مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۲ء کے تحت قائم کیا گیا ہے۔

۲۔ ایڈمنسٹریٹر، ایم سی آئی (MCI) نے اسلام آباد کی موجود آبادی کو پورا کرنے اور میئر، ڈپٹی میئر کے انتخاب کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لیے یونین کونسلوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لیے ایکٹ بالا کی دفعات ۶، ۱۲، ۱۱ اور ۲۹ میں ترمیمات تجویز کی ہیں، وزارت قانون وانصاف نے دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۲ء کے مسودہ بل کی قانونی نقطہ نظر سے جائزہ لیا ہے۔

۳۔ اس ایکٹ کے تحت دارالحکومت اسلام آباد کے اندر ایک سو پچیس یونین کونسلیں ہوں گی وفاقی حکومت وزارت داخلہ کی سفارشات پر سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے یونین کونسل کی تعداد میں وقتاً فوقتاً اضافہ یا کمی کر سکتی ہے۔

۴۔ میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب براہ راست رائے دہندگان کے ذریعے مشترکہ امیدواروں کے طور پر کیا جائے گا۔ میئر اور ڈپٹی میئر کا انتخاب دفعہ ۱۱ کے تحت یونین کونسل کے اراکین کے انتخاب کے دن کیا جائے گا۔ کابینہ نے مقدمہ نمبر ۶۵۹/قاعدہ۔۲۰۲۲/۱۹ء میں مورخہ ۱۹۔۱۲۔۲۰۲۲ء کو فیصلے کے ذریعے اس بل کو قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی منظوری دی ہے۔

وزیر انچارج